Sarfaz Bugti expressed hope that the national football team will continue its journey of success and secure more international honors in the future. He reaffirmed the Balochistan government's commitment to promoting sports across the province, including football, and to supporting young talent through sustained investment and encouragement.

"The Balochistan government is determined to foster sports, cultural activities and provide opportunities for youth to shine at national and international levels," he added.

Moreover, significant progress has been made in the improvement of the education sector, institutional stability and merit-based recruitment in Gwadar district. "As a result, Gwadar district is emerging as an exemplary model for other districts of the province," officials announced. Gwadar is the first district of Balochistan where all government schools were kept operational from February 1. "This has achieved significant success in maintaining the continuity of educational activities, increasing student attendance and stabilizing the educational environment," a district administration spokesman said.Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti, while mentioning this significant progress on several occasions, appreciated the performance of the district administration and the education department. "The key role behind this success was played by the effective strategy, continuous monitoring and coordinated administrative measures of Deputy Commissioner Gwadar Naqeebullah Kakar," the spokesman said. "Under his leadership, reforms in the education sector were implemented." Meanwhile, an important milestone has also been crossed in the process of teacher recruitment in Gwadar district. "The district administration and the School Education Department have successfully completed all four stages of teacher recruitment from Grade 1 to 15," he added. "This process was carried out in complete transparency, merit and in accordance with the rules and regulations, which has not only provided equal opportunities to eligible candidates but also increased public confidence."

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

مت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 12 JUN 2026 Page No.


## قوم شہداء کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ یادرکھے گی' سلیم کھوسہ

**مظفرآباد کے قریب ہیلی کاپٹر سانحہ پر انتہائی دکھ ہوا' صوبائی وزیر**

نصیرآباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے مظفرآباد کے قریب پاک فوج کے ایم آئی-17 ہیلی کاپٹر حادثے پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے حادثے میں شہید ہونے والے اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ قوم اپنے شہداء کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی اور اس دکھ کی گھڑی میں شہداء کے خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے صوبائی وزیر........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

میر سلیم احمد خان کھوسہ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کیلئے صبر جمیل عطا فرمائے۔

## افواج پاکستان کی ملکی سلامتی کیلئے لازوال قربانیاں ہیں' بخت کاکڑ

**جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے افسران و جوان قوم کا فخر ہیں' صوبائی وزیر**

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلزپارٹی کے رہنما، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے مظفرآباد کے قریب پاک فوج کے ایم آئی-17 ہیلی کاپٹر حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے افسران اور جوان پوری قوم کا فخر ہیں شہداء کی قربانیاں قومی تاریخ کا روشن باب ہیں۔.......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ان کی خدمات اور بہادری کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا پاک فوج کے جوانوں نے ملک کی سلامتی اور استحکام کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں شہداء کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، اللہ تعالیٰ مرحومین کے درجات بلند فرمائے صوبائی وزیر صحت کی شہداء کے لواحقین کیلئے صبر جمیل اور حوصلے کی دعا اور کہا کہ غم کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے ساتھ ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## حکومت سے مذاکرات' تاجروں کا احتجاج 10 روز کیلئے موخر

**مطالبات کا حل' یقین دہانی کرادی' ضیا لانگو**

**کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دفتر میں وزیر داخلہ اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری حمزہ شفقات کے تاجر رہنماؤں سے مذاکرات**

**بلوچستان حکومت سے متعلق مطالبات وزیراعلیٰ نے احکامات جاری کردیئے' وزیراعظم نے وفاقی حکام کو کوئٹہ بھیجنے کی ہدایت کردی' گفتگو**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال اور کاروباری طبقے کو درپیش مسائل کے خلاف چیمبر آف کامرس، ٹرانسپورٹرز، تاجروں اور مائنز اونرز کی کال پر صوبہ بھر میں شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال کی گئی، بلوچستان حکومت اور ہڑتالی تنظیموں کے درمیان مذاکرات کامیاب ہونے کے بعد 10 روز کے لئے احتجاج موخر کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کی ٹرانسپورٹر، تاجر اور مائنز اونرز الائنس کی ہڑتال کی کال پر صوبے بھر میں قومی بقیہ نمبر 74 صفحہ 5 پر

شاہراہوں پر پہیہ جام اور شہروں میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ ہڑتال کے باعث کوئٹہ اور صوبے کے دیگر مختلف علاقوں میں کاروباری مراکز اور دکانیں بند رہیں، جبکہ ٹریفک کی روانی بھی معمول سے کم رہی۔ الائنس کے عہدیداروں کا کہنا تھا کہ قومی شاہراہوں پر آئے روز ٹرک جلانے کے واقعات کے باعث ٹرانسپورٹرز اور تاجر شدید مالی نقصان کا شکار ہیں ساتھ ہی تاجروں کو درپیش مشکلات کی وجہ سے انہیں نقصانات ہورہے ہیں، الائنس کے رہنماؤں نے مطالبات کی منظوری تک شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال جاری رکھنے کا اعلان کیا۔ دریں اثناء جمعرات کو کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دفتر میں وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ داخلہ وقبائلی امور محمد حمزہ شفقات نے تاجروں سے مذاکرات کئے۔ اس موقع پر تاجر الائنس کے رہنماؤں کو آگاہ کیا گیا کہ وزیراعلیٰ نے بلوچستان حکومت سے متعلق تاجروں، ٹرانسپورٹرز کے مطالبات تسلیم کرتے ہوئے مختلف احکامات جاری کردیئے ہیں جبکہ وفاق سے متعلق معاملات پر وزیراعظم سے رابطہ کیا گیا جنہوں نے فوری عملدرآمد کی یقین دہانی کروائی اور حکام کو کوئٹہ بھیجنے کی ہدایت کی۔ وزیر داخلہ بلوچستان ضیاء لانگو نے تاجر برادری اور ٹرانسپورٹرز سے مذاکرات کے بعد بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ تاجر برادری اور ٹرانسپورٹرز کے کئی مطالبات کا تعلق وفاقی حکومت سے ہے ہم نے صوبے سے متعلق مطالبات کے حل کی یقین دہانی کرادی ہے جس کے بعد تاجر برادری اور ٹرانسپورٹرز نے دس روز کیلئے ہڑتال موخر کردی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

...مت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 12 JUN 2026 Page No.

## ٹیچنگ ہسپتال لورالائی عدالت کے حکم پر طبی سہولیات، عملے اور انتظامی امور کی جانچ ہوگی

**ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لورالائی کو ڈاکٹروں، نرسنگ، ٹیکنیشنز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری کا جائزہ، میڈیسن اسٹور کا معائنہ کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت**

کوئٹہ (ع ن) بلوچستان ہائی کورٹ کے دو رکنی بینچ جسٹس اقبال احمد کاسی اور جسٹس سردار احمد حلیمی نے آئینی درخواست نمبر 1716/2023 (بشیر احمد بنام حکومت بلوچستان و دیگر) اور منسلک آئینی درخواست نمبر 2017/2023 (محمد شفیق بنام حکومت بلوچستان و دیگر) کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران عدالت کے حکم مورخہ 21 مئی 2026 کی تعمیل میں ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال لورالائی، ڈاکٹر انور مندوخیل عدالت میں پیش ہوئے اور اپنی رپورٹ جمع کرائی۔ رپورٹ کی نقل آئینی درخواست نمبر 2017/2023 میں درخواست گزار کے وکیل محمد رسول ناصر کو فراہم کردی گئی۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل نے ایم ایس کی جانب سے اٹھائے گئے اعتراضات کی تردید کی، جس پر عدالت نے ہسپتال میں طبی سہولیات، عملے کی دستیابی اور انتظامی امور کی مزید جانچ ضروری قرار دی۔ عدالت نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لورالائی، نذیر احمد ٹکھ کو ہدایت کی کہ وہ ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کا دورہ کریں، وہاں تعینات ڈاکٹروں، نرسنگ اسٹاف، ٹیکنیشنز اور پیرامیڈیکل عملے کی حاضری کا جائزہ لیں، ادویات کے ذخیرے (میڈیسن اسٹور) کا معائنہ کریں اور تمام امور سے متعلق ایک تفصیلی رپورٹ مرتب کر کے عدالت میں پیش کریں۔ بلوچستان ہائی کورٹ نے مذکورہ رپورٹ 18 جون 2026 کو دوپہر 12 بجے آئندہ سماعت کے موقع پر پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔

## مسلسل غیر حاضری پر محکمہ صحت کے 168 ملازمین کو آخری وارننگ جاری

**غیر حاضر رہنے والوں میں ٹیکنیکل، لوئر ٹیکنیکل اور نان ٹیکنیکل کیڈر کے ملازمین شامل**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سرکاری فرائض سے مسلسل غیر حاضری پر محکمہ صحت بلوچستان نے 168 ملازمین کے خلاف آخری وارننگ نوٹس جاری کر دیا۔ محکمہ صحت بلوچستان متعلقہ ملازمین کو سات روز کے اندر غیر حاضری سے متعلق تحریری وضاحت جمع کرانے کی ہدایت، محکمہ صحت بلوچستان متعدد یاددہانیوں کے باوجود ڈیوٹی پر حاضر نہ ہونے والے ٹیکنیکل، لوئر ٹیکنیکل اور نان ٹیکنیکل کیڈر کے ملازمین نوٹس میں شامل، محکمہ صحت بلوچستان غیر تسلی بخش جواب یا مقررہ مدت میں وضاحت جمع نہ کرانے والوں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کرے گا، محکمہ صحت بلوچستان سرکاری ملازمین کارکردگی و نظم و ضبط قواعد کے تحت غیر حاضر ملازمین کو مستقل طور پر برخاست کیا جا سکتا ہے، محکمہ صحت بلوچستان سرکاری اداروں میں نظم و ضبط، حاضری اور عوامی خدمات کی موثر فراہمی یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

## حکومت بلوچستان نے مزید 34 اساتذہ کو جبری ریٹائر کر دیا

**پیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی، 16 لیکچرر، 12 اسسٹنٹ پروفیسر، 5 ایسوسی ایٹ پروفیسر اور ایک پروفیسر شامل**

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان کی جانب سے محکمانہ کارروائیاں مکمل ہونے کے بعد مزید 34 اساتذہ کو جبری ریٹائرمنٹ کی سزا دے دی گئی۔ سیکرٹری محکمہ کالجز، ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن ایکٹ 2011 کی شق 4(1)(ب)(iv) کے تحت کارروائی مکمل ہونے پر چیف سیکرٹری بلوچستان نے 34 افسران پر "کمپلسری ریٹائرمنٹ" عائد کرنے کی منظوری دی ہے۔ جن اساتذہ کو سزائیں سنائی گئی ہیں ان میں گریڈ 17 کے 16 لیکچرر، گریڈ 18 کے 12 اسسٹنٹ پروفیسر، گریڈ 19 کے 5 ایسوسی ایٹ پروفیسر اور گریڈ 20 کی ایک پروفیسر شامل ہیں۔ سزا پانے والوں میں سے بیشتر کا تعلق کوئٹہ جبکہ دیگر کا تعلق سبی، مستونگ، ژوب سے ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی حکومت بلوچستان 37 اساتذہ کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے جبری ریٹائرمنٹ سمیت دیگر سزائیں سنا چکی ہے۔

## کسٹمز کوئٹہ نے 4 ارب 50 کروڑ کا ضبط شدہ سامان نذر آتش کر دیا

**غیر ملکی، ممنوعہ اور اسمگل شدہ سامان 64 ٹرکوں میں لایا گیا، کارروائیاں جاری رہیں گی، حکام**

کوئٹہ (آن لائن) ماڈل کلیکٹریٹ کسٹمز کوئٹہ نے 4 ارب 50 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا ضبط شدہ غیر ملکی، ممنوعہ اور اسمگل شدہ سامان نذر آتش کر دیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کسٹم انفورسمنٹ کوئٹہ کے کلیکٹر شاہد جان نے کہا کہ اسمگلنگ کے خاتمے، قومی معیشت کے تحفظ اور قانونی تجارت کے فروغ کے لیے کارروائیاں مزید تیز کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ضبط شدہ سامان 64 ٹرکوں کے ذریعے سخت سیکیورٹی میں تلفی کے مقام تک پہنچایا گیا۔ چیف کلیکٹر کسٹمز بلوچستان یاسر مقصود عباسی، سیکرٹری ایکسائز اور دیگر حکام بھی تقریب میں موجود تھے۔ حکام نے اس عزم کا اظہار کیا کہ متعلقہ اداروں کے تعاون سے اسمگلنگ اور غیر قانونی کاروبار کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

## مذاکرات کامیاب، تاجروں، ٹرانسپورٹروں اور چیمبر آف کامرس کی ہڑتال ختم

**حکومت، سیکیورٹی ادارے، تاجر برادری اور عوام مل کر ان عناصر کے مذموم عزائم کو ناکام بنائیں گے، بابر یوسفزئی**

کوئٹہ (ع ن) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر تاجر برادری، چیمبر آف کامرس اور ٹرانسپورٹ برادری کے نمائندوں کے ساتھ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی قیادت میں ہونے والے مذاکرات کامیاب رہے، جس کے بعد تاجر برادری، ٹرانسپورٹ برادری اور چیمبر آف کامرس نے اپنی ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کاروباری طبقے، تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو درپیش مشکلات سے مکمل طور پر آگاہ ہے اور ان کے جائز مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کر رہی ہے۔ حکومت کا مقصد عوام کو سہولت فراہم کرنا، معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینا اور کاروباری ماحول کو محفوظ بنانا ہے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ پاکستان دشمن اور بلوچستان میں بدامنی پھیلانے والے عناصر صوبے کی معاشی شہ رگ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ یہی عناصر تاجروں، ٹرانسپورٹرز اور کاروباری طبقے کو نشانہ بنا کر خوف و ہراس پیدا کرنا چاہتے ہیں تاکہ معاشی سرگرمیاں، [illegible]

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 12 JUN 2026 Page No. 1


# جوائنٹ روڈ پر ریڑھی یا غیر قانونی کاروباری سرگرمی کی اجازت نہیں، کمشنر کوئٹہ

## جوائنٹ روڈ کے مسئلے کے حوالے سے ہائیکورٹ آف بلوچستان کے احکامات پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، شاہزیب خان کاکڑ

**ر صدارت اجلاس میں جوائنٹ روڈ پر قائم دکانوں کیلئے عوامی سہولت کے پیش نظر باتھ رومز کی تعمیر کی بھی ہدایت**

کوئٹہ(خ ن) ہائیکورٹ بلوچستان کی ہدایت پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت جوائنٹ روڈ پر دکانوں، ٹریفک کی روانی، تجاوزات اور دیگر شہری مسائل کے مستقل حل کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن زاہد خان، اسسٹنٹ کمشنر سٹی امیر حمزہ، پاکستان ریلوے، ضلعی انتظامیہ، ٹریفک پولیس، متعلقہ محکموں کے افسران اور سینئر وکلاء نے شرکت کی اجلاس کے دوران جوائنٹ روڈ پر درپیش مختلف مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ان کے مستقل حل کیلئے متعدد اہم فیصلے کئے گئے اس موقع پر فیصلہ ......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کیا گیا کہ ریلوے سوسائٹی کے رہائشیوں کی بنیادی ضروریات اور مسائل کا جائزہ لینے کیلئے ایک خصوصی ٹیم تشکیل دی جائے گی۔ یہ ٹیم جوائنٹ روڈ پر قائم دکانوں، کاروباری سرگرمیوں، پارکنگ، ٹریفک کی صورتحال اور دیگر امور کا تفصیلی سروے کر کے اپنی رپورٹ پیش کرے گی اجلاس میں تجاوزات اور غیر قانونی ریڑھیوں کے خاتمے کیلئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ٹریفک پولیس کو مشترکہ کارروائی کی ہدایت جاری کی گئی اجلاس میں جوائنٹ روڈ پر قائم دکانوں کی مکمل تعداد اور ان کی قانونی حیثیت کے تعین کیلئے جامع سروے کرانے کا بھی فیصلہ کیا گیا یہ سروے میٹروپولیٹن کارپوریشن، تحصیل انتظامیہ، پاکستان ریلوے اور جدید جی پی ایس ٹیکنالوجی کی مدد سے مکمل کیا جائے گا تاکہ سرکاری ریکارڈ اور زمینی حقائق کا تقابلی جائزہ لیا جا سکے

# علماء محرم کے دوران امن کے قیام کیلئے کردار کریں، ڈی آئی جی کوئٹہ

**سیکورٹی کے حوالے سے فول پروف انتظامات یقینی بنائیں گے، لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت**

**تمام مکاتب فکر کیساتھ مل کر محرم الحرام کے دوران ہم آہنگی ممکن بنائیں گے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا تمام امام بارگاہوں، مجلس خانوں اور جلوس کے روٹس کی سویپنگ، سرچنگ کے بعد انہیں سیل کیا جائے گا جلوس کی سی سی ٹی وی کیمروں اور فضائی نگرانی یقینی بنائی جائے گی، علماء کرام محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام کیلئے اپنا کردار ادا کرتے ہوئے پولیس اور انتظامیہ سے تعاون کریں......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز محرم الحرام کے دوران اٹھائے جانے والے انتظامات کے حوالے سے علماء کرام کیساتھ منعقدہ اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر مولانا عبدالرحمان نورزئی، مذہبی اسکالر ڈاکٹر عطاء الرحمان، دیگر علماء کرام، ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ آصف خان، ایس پی سٹی ڈویژن آصف غفور سمیت دیگر پولیس آفیسران بھی موجود تھے سفیر مسجد میں منعقدہ اجلاس کے دوران ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ محرم الحرام کے دوران شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور پرامن ماحول کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اس کیلئے علماء۔ علماء کرام کی جانب سے بھرپور تعاون فراہم کرنے پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ علماء کرام نے ہمیشہ کوئٹہ اور صوبے میں باہمی یگانگت، اتحاد، یکجہتی، بھائی چارگی کے فروغ کے لئے اہم موثر اور کلیدی کردار ادا کیا ہے

# بلوچستان پولیس میں تقرر وتبادلے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پولیس کے 2 ایس ڈی پی اوز کے تبادلے کر دیئے گئے سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق ایس ڈی پی او چمن سٹی طاہر محمود کو سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی جبکہ انسپکٹر ڈسٹرکٹ کوئٹہ اشتیاق احمد کو ایس ڈی پی او چمن سٹی تعینات کر دیا گیا۔

# سی ٹی ڈی اور اے ٹی ایف ملازمین کی تنخواہیں 100 فیصد بڑھانے کی منظوری

## بلوچستان حکومت نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا، تنخواہوں میں اضافہ یکم جولائی 2026 سے نافذ العمل ہوگا

**دیگر الاؤنسز، پنشن اور گریجویٹی موجودہ بنیادی تنخواہ کے مطابق برقرار رہیں گے، اے جی آفس کو ہدایت جاری**

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) حکومت بلوچستان نے سی ٹی ڈی اور اے ٹی ایف ملازمین کی تنخواہوں میں 100 فیصد بڑھانے کی منظوری دیدی۔ سیکریٹری خزانہ بلوچستان کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سی ٹی ڈی اور اے ٹی ایف کے تمام رینکس کے حاضر سروس ملازمین مستفید ہوں گے۔ تنخواہوں میں اضافہ یکم جولائی 2026 سے نافذ العمل ہوگا۔ اعلامیے کا اطلاق صرف سی ٹی ڈی اور اے ٹی ایف......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

میں تعینات حاضر سروس اہلکاروں پر لاگو ہوگا، دیگر الاؤنسز، پنشن اور گریجویٹی موجودہ بنیادی تنخواہ کے مطابق برقرار رہیں گے۔ اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کو جولائی 2026 کی تنخواہوں میں اضافہ شامل کرنے کی ہدایت کر دی گئی، تمام متعلقہ محکموں کو نوٹیفکیشن پر فوری عملدرآمد یقینی بنانے کا حکم دیا گیا ہے۔ فیصلے کو پولیس فورس کی انسداد دہشت گردی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانے کی کوشش قرار دیا گیا۔ وفاقی حکومت نئے مالی سال کے بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کو تقریباً 50 ارب روپے تک ٹیکس ریلیف دینے پر غور کر رہی ہے، انکم ٹیکس سلیب کی تعداد 6 سے بڑھا کر 8 کی جا سکتی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 12 JUN 2026 Page No. ______


## ڈیرہ مراد جمالی گیارہ ہزار کے وی کے 200 کھمبوں سے تاریں چوری

درجنوں علاقے تاریکی میں ڈوب گئے

**نوتال سے لیکر لانڈھی شریف تک بجلی کی تاریں کاٹ لی گئیں، پینے کے صاف پانی کا شدید بحران، شہری بوند بوند کو ترس گئے**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے میں چوری کی بڑی واردات نامعلوم چوروں نے بجلی کے گیارہ ہزار کے وی کے دو سو کھمبوں کی تاریں کاٹ کر کے اپنے ساتھ لے گئے جس کے باعث مختلف علاقوں کو بجلی کی سپلائی معطل، پینے کے صاف پانی کا شدید بحران پیدا ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد نمائی پولیس تھانہ صدر کی حدود میں چوری کی بڑی واردات نوتال سے لیکر لانڈھی شریف تک نامعلوم چوروں مین بجلی گیارہ ہزار کے وی کے دو سو سے زائد بجلی کے کھمبوں کی تاریں کاٹ کر اپنے ساتھ لے گئے جس کے باعث ڈیرہ مراد جمالی ربی کینال نوتال لانڈھی شریف سمیت درجنوں علاقے تاریکی میں ڈوب گئے جبکہ بجلی کی بندش سے پٹ فیڈر پائپ لائن واٹر سپلائی اسکیم سے نوتال بوسٹنگ اسٹیشن سے لانڈھی شریف نوتال سٹی نوتال سے بختیار آباد شہر اور بختیار آباد سے بھاگ شہر کو بجلی کی سپلائی معطل ہوگئی جس سے شدید گرمی میں شہری پانی کی بوند بوند کو ترس گئے ہیں۔

## خاران: چچا کا قاتل گرفتار، آلہ قتل برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خاران پولیس نے چچا کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کرکے آلہ قتل برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او خاران نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم اللہ نور سکنہ خاران کو گرفتار کرلیا چند روز قبل ملزم نے اپنے چچا سلیم کو قتل کیا تھا ملزم کو گرفتار کرکے دوران تفتیش اس کی نشاندہی پر آلہ قتل برآمد کرکے قبضے میں لے لیا اور ملزم کے خلاف کارروائی شروع کردی۔

## پنجگور سے لاش برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پنجگور سے لاش برآمد ہوئی پولیس کے مطابق پنجگور کے علاقے ایئرپورٹ روڈ کے قریب سے پولیس کو لاش ملی جسے ہسپتال منتقل کیا گیا جس کی شناخت ایاز سکنہ سری کوران کے نام سے کی گئی ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔


MASHRIQ QUETTA


## کوئٹہ، مویشی منڈی کے قریب موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ، 1 شخص قتل

**مقتول کی شناخت سرفراز کے نام سے ہوئی، نعش کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے مویشی منڈی کے قریب موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ شب تھانہ منظور شہید کے علاقے مویشی منڈی کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعش ہسپتال منتقل کر دی جس کی شناخت سرفراز سکنہ مشرقی بائی پاس کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی واقعہ دیرینہ رنجش کا شاخسانہ بتایا جارہا ہے مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

## مستونگ، نامعلوم افراد کی فائرنگ، 1 شخص جاں بحق

**لاش شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال منتقل، مزید تحقیقات جاری ہے، پولیس**

مستونگ (سٹی رپورٹر) مستونگ میں میجر چوک کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ایک مخبوط الحواس شخص موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور لاش کو فوری طور پر شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق، فائرنگ کے اس افسوسناک واقعہ میں جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت فوری طور پر نہ ہو سکی ہے ......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے واقعہ کی تحقیقات اور نامعلوم مسلح ملزمان کی تلاش کا آغاز کر دیا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 12 JUN 2026 Page No. 15

# Security breakdown

The worsening law and order situation in Balochistan has reached a critical point, as the province is being pushed into a state of mounting anxiety and disruption. Security conditions have continued to deteriorate, and as a result, the local population increasingly feels vulnerable, isolated, and abandoned. In response, transporters and the business community have decided to call a province-wide indefinite wheel-jam and shutter-down strike, which effectively brings economic activity to a halt and signals the depth of public frustration. This drastic step has come about because citizens feel they have run out of options and can no longer get their concerns across to an administration that appears increasingly detached.

For some time now, the security situation in Balochistan has been breaking down across multiple fronts, as instability continues to spread and deepen. The province's highway network, which once served as a vital economic lifeline linking it to national and regional markets, has gradually turned into dangerous corridors where routine travel can quickly turn into serious risk. Commercial transporters, who move essential goods, minerals, and natural gas, are now forced to operate under constant threat, while ambushes and targeted attacks continue to flare up and disrupt logistics chains. As a result, supply routes are frequently held up, and in many cases, entire transport operations are forced to wind up prematurely due to safety concerns. Moreover, the crisis has spilled over into urban centers as Quetta doctors protest unsafe hospitals conditions.

Meanwhile, the economic fallout is beginning to deepen. As roads are shut down and uncertainty spreads, the business environment is steadily breaking apart. Markets are shutting down, supply chains are being severed, and daily wage earners are being pushed to the edge. In a region already burdened by long-standing neglect, these developments are now driving unemployment and poverty upward, while also eroding whatever limited economic stability remained.

At the same time, the perceived indifference of the provincial administration is worsening public anger. Instead of stepping up and cracking down on those responsible for insecurity, the authorities appear to be falling behind events and failing to take control of the situation. This administrative inertia is not only weakening governance but also fuelling public distrust, which continues to build up and spill over into protests and strikes.

Unless the state moves quickly to clamp down on violence, restore order, and secure key transport and urban hubs, the situation may continue to spiral further, and the province risks being pulled deeper into economic breakdown and social instability.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

مت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 12 JUN 2026 Page No.


## وحدت کالونی کا سانحہ اور انصاف کا تقاضا


تحریر؛ ذوالفقار علی طارق قادری


کہاں سے شروع کروں اور کیسے شروع کروں؟ جب وحدت کالونی کوئٹہ کے المناک واقعے کا علم ہوا تو یوں محسوس ہوا جیسے پیروں تلے زمین نکل گئی ہو۔ دماغ خاموش تھا، دل غم سے بوجھل تھا اور آنکھیں اشکبار تھیں، مگر پھر بھی سوال یہی تھا کہ آخر ایک عام شہری کر بھی کیا سکتا ہے؟

وحدت کالونی میں پیش آنے والا یہ دل دہلا دینے والا سانحہ کسی ایک خاندان کا نہیں بلکہ پورے معاشرے کا المیہ ہے۔ ایک باپ کی فائرنگ سے چار معصوم بچے اور ان کی والدہ اس فانی دنیا سے رخصت ہو گئے۔ یہ ایسا زخم ہے جو شاید برسوں تک نہ بھر سکے۔ اس واقعے کے بعد سوشل میڈیا پر اس شخص کی ایک ویڈیو بھی سامنے آئی جس میں وہ شدید ذہنی اور معاشی دبا کا شکار دکھائی دیتا ہے۔

اس نے دعویٰ کیا کہ کچھ بااثر افراد اسے مختلف طریقوں سے ہراساں کر رہے تھے اور یہ بھی کہا کہ اس کے پیچھے پڑنے والے لوگ حکمرانوں کے خاص چیلے ہیں۔

اگر یہ دعویٰ درست ہے تو کئی سنگین سوالات جنم لیتے ہیں۔ کیا واقعی ایسے عناصر حکمران جماعت یا بااثر شخصیات کے سائے تلے کام کر رہے ہیں؟ کیا سرکاری عہدوں، ملازمتوں اور اختیارات کا ناجائز استعمال ہو رہا ہے؟ کیا رشوت خوری، سفارش اور اختیارات کے غلط استعمال نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے؟ اور اگر ایسا ہو رہا تھا تو متعلقہ ادارے اور ذمہ دار حلقے خاموش کیوں رہے؟

یہ بھی حقیقت ہے کہ معاشرے میں ایسے بے شمار واقعات ہوتے ہیں جو منظرِ عام پر نہیں آتے۔ بہت سے لوگ ظالم اور طاقتور افراد کے خوف سے خاموشی اختیار کر لیتے ہیں۔ کتنے ہی گھر ایسے ہوں گے جو ناجائز دبا، رشوت ستانی، سفارش اور اختیارات کے غلط استعمال کی وجہ سے برباد ہوئے ہوں گے۔ کتنے ہی خاندانوں کے چولہے ٹھنڈے ہوئے ہوں گے اور کتنے ہی افراد ذہنی اذیت کا شکار ہوئے ہوں گے، مگر ان کی فریاد سننے والا کوئی نہ تھا۔

اس سانحے نے ایک مرتبہ پھر اس حقیقت کو اجاگر کر دیا ہے کہ حکمرانوں، سیاسی و مذہبی قیادت اور بااثر شخصیات کو اپنے اردگرد ایسے افراد کا انتخاب کرنا چاہیے جن کے ہاتھ ظلم، ناانصافی اور عوامی استحصال سے آلودہ نہ ہوں۔ قیادت کا اصل حسن ایسے لوگوں کے انتخاب میں ہے جو عوام کے دکھ درد کو سمجھتے ہوں، نہ کہ ایسے افراد جو اپنے اثر ورسوخ کو کمزور اور بے بس لوگوں کو ہراساں کرنے کے لیے استعمال کریں۔

حکمرانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کریں جو اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے لوگوں کی زندگی اجیرن بنا دیتے ہیں۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اکثر یہ شکایات سامنے آتی ہیں کہ بعض بااثر افسران اور طاقتور حلقے اپنے ماتحت ملازمین اور عام شہریوں کو مختلف طریقوں سے ذہنی دبا، ہراسانی اور مشکلات کا شکار بناتے ہیں۔ خوف اور طاقت کا ایسا ماحول قائم کر دیا جاتا ہے کہ متاثرہ افراد اپنی فریاد بھی کھل کر بیان نہیں کر سکتے۔

طاقتور افراد کے خلاف آواز اٹھانا آسان نہیں ہوتا۔ جو شخص حق اور سچ بولنے کی کوشش کرتا ہے، اسے مختلف حربوں سے دبانے کی کوشش کی جاتی ہے تاکہ وہ خاموش ہو جائے، اپنی بات واپس لے لے یا پھر طاقتور حلقوں کی مرضی کے مطابق چلنے پر مجبور ہو جائے۔ یہی وہ رویے ہیں جو معاشرے میں بے چینی، مایوسی اور احساس محرومی کو جنم دیتے ہیں۔ اگر ادارے اور حکمران بروقت ایسے عناصر کا محاسبہ کریں تو بہت سے المناک واقعات رونما ہونے سے پہلے ہی روکے جا سکتے ہیں۔

جس طرح اس ویڈیو سے ظاہر ہو رہا ہے، یہ معاملہ بظاہر ایک معمولی کوارٹر یا رہائشی تنازع کا بھی ہو سکتا ہے، لیکن آج کے دور میں لاکھوں کے کوارٹروں کی خرید و فروخت، کسی کو جگہ دینا اور کسی کو محروم کرنا معمولی بات نہیں رہی۔ بعض اوقات معمولی سے مالی مفادات، چند پیسوں یا ذاتی ضد کی خاطر انسان کو اس حد تک اذیت دی جاتی ہے کہ وہ ٹوٹ کر رہ جاتا ہے۔

خدارا چند پیسوں کی خاطر کسی انسان کو اذیت نہ دی جائے۔ کسی کی عزت، سکون اور زندگی کو داو پر نہ لگایا جائے۔ کسی کی جان لینے کا سبب بننے سے بچا جائے۔ آج اگر کسی کے پاس طاقت ہے تو یاد رکھنا چاہیے کہ میرا رب سب سے زیادہ طاقتور ہے، اور وہ وقت آنے پر ہر ظالم کو اس کے عمل کا حساب ضرور دے گا۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ اس سانحے کی شفاف، غیر جانبدار اور مکمل تحقیقات کی جائیں۔ صرف ظاہری پہلوؤں کو دیکھ کر معاملے کو ختم نہ کیا جائے بلکہ ان تمام محرکات اور عوامل کا جائزہ لیا جائے جو اس افسوسناک انجام کا سبب بنے۔ اگر کسی فرد، گروہ یا بااثر شخصیت کا کردار سامنے آتا ہے تو قانون کے مطابق اس کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔

سب سے بڑھ کر یہ کہ ایسا ہرگز نہ ہو کہ اصل حقائق کو پس پشت ڈال کر کسی کو ذہنی مریض یا پاگل قرار دے کر معاملے کو دفن کر دیا جائے اور بااثر افراد کو بچانے کی کوشش کی جائے۔ اگر انصاف کے تقاضے پورے نہ کیے گئے اور اصل ذمہ داروں تک ہاتھ نہ پہنچا تو اس طرح کے سانحات مستقبل میں بھی جنم لیتے رہیں گے۔ ظلم کے خلاف خاموشی دراصل ظلم کی طاقت میں اضافہ کرتی ہے، جبکہ انصاف ہی وہ راستہ ہے جو معاشرے کو مزید تباہی سے بچا سکتا ہے۔

آخر میں دل یہی دعا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس معاشرے کو عدل و انصاف کی راہ دکھائے، ظلم و ناانصافی کا خاتمہ فرمائے اور ہر مظلوم کو اس کا حق دلانے کا ذریعہ بنائے۔ اور اگر ہم واقعی ایک بہتر معاشرہ چاہتے ہیں تو ہمیں صرف بات کرنا نہیں ہے بلکہ اصلاحِ معاشرہ، حق گوئی اور اتحاد کا مرکز بنانا ہوگا، جہاں سے سچائی کی آواز بلند ہو، دلوں میں خوف خدا پیدا ہو اور ظلم کے خلاف شعور بیدار ہو۔

اللہ ہمیں حق کہنے، حق سننے اور حق پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔